PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

ONE NATION ONE PASSION

دوسرا ویمنز ون ڈے انٹر نیشنل: نیوزی لینڈ نے پاکستان کو ایک وکٹ سے ہرادیا

- فاطمہ ثنا کی آل راؤنڈ پرفارمنس، 90 رنز ناٹ آؤٹ اور 2 وکٹیں، غلام فاطمہ کی 4 وکٹیں

کرائسٹ چرچ 15 دسمبر، 2023ء:

نیوزی لینڈ ویمنز نے پاکستان ویمنز کو دوسرے ون ڈے انٹر نیشنل میں انتہائی دلچسپ مقابلے کے بعد ایک وکٹ سے شکست دے کر تین میچوں کی سیریز اپنے نام کرلی۔

میزبان ٹیم نے پہلا ون ڈے انٹر نیشنل 131 رنز سے جیتا تھا۔

تیسرا اور آخری ون ڈے انٹر نیشنل 18 دسمبر کو کرائسٹ چرچ میں کھیلا جائے گا۔

دوسرے ون ڈے انٹر نیشنل کی خاص بات فاطمہ ثنا کی آل راؤنڈ کارکردگی اور غلام فاطمہ کی عمدہ بولنگ تھی۔

فاطمہ ثنا نے سات چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 90 رنز بنائے اور وہ آؤٹ نہیں ہوئیں اور بولنگ میں بھی دو وکٹیں حاصل کیں۔ وہ ون ڈے انٹر نیشنل میں باضابطہ طور پر پہلی مرتبہ پاکستان ویمنز کی قیادت کررہی تھیں۔ یاد رہے کہ پہلے ون ڈے انٹر نیشنل میں انہوں نے ندا ڈار کے ان فٹ ہوجانے کے سبب کپتانی کی تھی۔

پاکستان ویمنز ٹیم پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 50 اوورز میں 220 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی تھی۔ نیوزی لینڈ ویمنز نے 48.5 اوورز میں 9 وکٹوں کے نقصان پر ہدف حاصل کر لیا۔

پاکستان ویمنز کو میچ کی پہلی ہی گیند پر منیبہ علی کی وکٹ کا نقصان اٹھانا پڑا اور پھر صرف 35 رنز پر اس کی چار وکٹیں گر چکی تھیں۔ سدرہ امین 12، بسمہ معروف 7 اور عالیہ ریاض 7 رنز بنا سکیں۔

اس موقع پر فاطمہ ثنا اور نتالیہ پرویز نے پانچویں وکٹ کی شراکت میں 90 رنز کا اضافہ کیا۔ نتالیہ پرویز تین چوکوں کی مدد سے 39 رنز بنا کر آؤٹ ہوئیں۔

وکٹ کیپر نجیہہ علوی نے بھی تین چوکوں کی مدد سے 32 رنز بنائے اور فاطمہ ثنا کے ساتھ چھٹی وکٹ کی شراکت میں 65 رنز کا اضافہ کیا۔

نیوزی لینڈ ویمنز کی طرف سے کپتان سوفی ڈیوائن نے 25 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں۔

نیوزی لینڈ ویمنز کی اننگز میں سوزی بیٹس اور میڈی گرین کی بیٹنگ نمایاں رہی۔ سوزی بیٹس نے 74 اسکور کیے جس میں 8 چوکے شامل تھے۔ میڈی گرین نے 5 چوکوں کی مدد سے 83 رنز بنائے۔ ان دونوں نے تیسری وکٹ کی شراکت میں 142 رنز کا اضافہ کیا۔ اس شراکت کے ٹوٹنے کے بعد پاکستان ویمنز ٹیم کی جانب سے فائٹ بیک نظر آئی اور اس نے 53 رنز کے اضافے پر 7 وکٹیں حاصل کر کے حاصل کر کے میچ کو دلچسپ بنا دیا جب میزبان ٹیم کی نویں وکٹ گری تو اسے جیت کے لیے 13 رنز درکار تھے اس موقع پر لی تاہوہو 21 رنز ناٹ آؤٹ کی اننگز کھیل کر اپنی ٹیم کو جیت سے ہمکنار کرنے میں کامیاب ہو گئیں۔

لیگ اسپنر غلام فاطمہ نے عمدہ بولنگ کرتے ہوئے 47 رنز دے کر 4 وکٹیں حاصل کیں۔ فاطمہ ثنا نے بیٹنگ کے بعد بولنگ میں بھی عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 52 رنز دے کر 2 وکٹیں حاصل کیں۔

سعدیہ اقبال ام ہانی اور نشرہ سندھو نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔

-END-

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Pathway Cricket Programme

Broadcast & Live Streaming Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial